xi. یہ ان جیسی بیرونی این۔جی۔اوز کے حمایتی ہیں جو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیوں کو **شکاری**[209] کہتے ہیں۔

xii. اگر سائبر کرائم ایکٹ پہلے بن چکا ہوتا تو اگیز یکٹ والے پہلے ہی پکڑے جا چکے ہوتے۔ یہ این۔جی۔اوز اس موقف کے بھی خلاف[210] ہیں۔ اس سے ثابت ہوا یہ این۔جی۔اوز دماغی صلاحیت کھو چکی ہیں۔

---

[202] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 18, 49]
[203] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 6]
[204] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:10, 11]
[205] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:7]
[206] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:44]
[207] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:63]
[208] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:60]
[209] [ثبوت: ملحق سوم >حوالہ:7]
[210] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ:80-A]

طریقُ الحق کی سفارشات[211]

بر خلاف اسلام و پاکستان مخالف این۔جی۔اوز

(چونکہ ہم نے پاکستان کو اسلام کے نام پہ بنایا تھا، اس لئے ہمیں شدت سے تمام اسلام مخالف عناصر کا قلع قمع کرنا چاہیئے، وگرنہ۔۔وہ ہم پر حاکم بن بیٹھیں گے اور **ہماری داستان تک نہ ہو گی داستانوں میں!**)

1. تمام اسلام مخالف این۔جی۔اوز کو مجموعہ تعزیراتِ پاکستان (XLV 1860) یا295-C کی مطابق سزا دی جائے کیونکہ یہ بذاتِ خود گستاخ اور گستاخوں کے حامی ہیں۔

2. تمام پاکستان مخالف این۔جی۔اوز کو سزا دی جائے:

a. بمطابق غداری ایکٹ؛ کیونکہ کیونکہ یہ غدارِ دین، غدارِ ملت اور غدارِ وطن ہیں۔ یہ کس کی اجازت سے یہ لوگ جاسوسی کر رہے ہیں اور بیرونی ہاتھوں میں خفیہ معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ یہ لوگ پاکستان کو سیکولر (لادین) پاکستان[212] میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے وہ مسلمان بچوں کے سکولوں کالجوں کا نصاب ملحدانہ بنانے کی سازشیں کر رہے ہیں[213]۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ لوگ نظریۂ پاکستان کے بالکل مخالف ہیں جبکہ ہمارے آباءواجداد نے اسے اسلام کے نام پہ بنایا۔ ان این۔جی۔اوز کے عزائم غدارانہ، ریاست کے خلاف گٹھ جوڑ والے، ڈیجیٹل جاسوسی پر مبنی اور بہت پریشان کن ہیں۔ اسلئے ان کے متعلق ملے ہوئے شواہد (جنکا تذکرہ پیچھے گزر چکا) کی روشنی میں ان کی **فوری تحقیقات کروائی جائیں۔** بیرونی بغاوت کے ٹھیکیدار این۔جی۔اوز پاکستانی عوام کے غدار ہیں کیونکہ یہ خفیہ غیر ملکی دشمن اقوام کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کے لئے ہراول دستہ ثابت ہو رہی ہیں۔ انکا تعاقب کیا جانا چاہئیے اور انکو انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیئے۔

---

[211] ان سفارشات کو طریق الحق نے انسدادِ 'الیکٹرانک کرائم' ایکٹ ۔ ۲۰۱۵ میں اپنی ترامیم تجویز کر کے شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔ آپ ان ترامیم کی نقل طریق الحق ہیڈ کوارٹرز سے طلب کر سکتے ہیں۔ یہ ضمیمہ اول تا پنجم ساتھ علحدہ نتھی بھی ہے۔

[212] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 39, ملحق سوم <حوالہ: 42]

[213] [ثبوت: ملحق دوم <حوالہ: 7-A]

b. انسدادِ دہشت گردی کورٹ یا آرمی کورٹس میں ان کا مقدمہ چلایا جانا چاہیئے کیونکہ یہ دہشت گرد مخالف شقوں کی مخالفت کی وجہ سے دہشت گردوں کے معاون بھی ہیں۔

3. آئی۔سی۔سی۔پی۔آر[214] کی مخالفت[215] کی وجہ سے، تمام اسلام یا پاکستان مخالف این۔جی۔اوز، چاھے پاکستانی ہوں یا غیر ملکی ، کا مقدمہ انٹر نیشنل کورٹ آف جسٹس میں چلایا جانا چاہیئے یا ان کا کیس یو۔این۔او کی جنرل اسمبلی میں پیش کیا جائے تا کہ ان کو ملک بدر کیا جا سکے یا کڑی سزا دی جاسکے:۔

a. یہ لوگ آئی۔سی۔سی۔پی۔آر کے **آرٹیکل 17** کے خلاف کام کر رہے ہیں؛ کیونکہ یہ لوگ انبیاء علیہم السلام کی '**عزت وناموس و شہرت پر غیر قانونی حملے**' کرتے ہیں، جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

b. یہ لوگ آئی۔سی۔سی۔پی۔آر کے **آرٹیکل 19** کے خلاف کام کر رہے ہیں؛ کیونکہ یہ لوگ اس آرٹیکل میں آزادیٔ اظہارِ رائے کی بیان کردہ تعریف کے الٹ کام کر رہے ہیں۔ یہ لوگ آزادیٔ اظہار کی **سپیشل ڈیوٹی اور ذمہ داریوں** کے مخالف جا رہے ہیں، کیونکہ اس آرٹیکل کے مطابق آزادیٔ اظہار قانونی طور پر **کچھ پابندیوں کی کے دائرے** میں مقید ہے: مثلاً انبیاء علیہم السلام کے **حقوق یا وقار (ناموس) کا لحاظ** اور **قومی سلامتی یا عوامی نظام یا اخلاقیات کی حفاظت**۔ یہ ثابت شدہ بات ہے کہ یہ لوگ سائبر کرائم ایکٹ میں موجود قومی سلامتی اور نیشنل ایکشن پلان کی شقوں کے مخالف ہیں۔ ماضی میں یہ عموماً مشاہدہ کیا جا چکا ہے کہ پاکستان کے مسلمان شانِ رسالت کے تحفظ کے لئے اپنی جانیں تک نچھاور کرنے کیلیئے تیار ہو جاتے ہیں اور سر بکف سڑکوں پہ احتجاجاً نکل آتے ہیں اور جلد ملک گیر[216] سطح پر کام پھیل جاتا ہے، پس بظاہر **عوامی نظام درہم برہم** ہو جاتا ہے۔ خطرہ اس بات کا ہے کہ اگر سائبر کرائم ایکٹ بشمول اسلامی شقیں منظور نہ ہوا یا اس میں این۔جی۔اوز کے دباؤ میں آکر ترمیم کر دی گئی، تو اسی قسم کے حالات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اسلیئے سائبر کرائم ایکٹ کی شق 9, 25, 34 کی مخالفت کر کے یہ این۔جی۔اوز **عوامی نظام** میں انتشار کی فضا قائم کرنا چاہتے ہیں۔

c. یہ لوگ آئی۔سی۔سی۔پی۔آر کے **آرٹیکل 20** کے خلاف کام کر رہے ہیں؛ کیونکہ یہ لوگ **قومی و مذہبی منافرت کی وکالت** کر رہے ہیں جو کہ **تعصب، دشمنی یا تشدد پر مشتمل** ہے۔ یہ لوگ قانونِ ناموسِ رسالت، مجموعہ تعزیراتِ پاکستان، سائبر کرائم ایکٹ میں

---

[214] *International Covenant on Civil and Political Rights*

[215] [ملحق ہفتم]

[216] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: U-26]

اسلامی شقوں کی مخالفت اور گستاخ و پاکستان مخالف سائٹس کی حمایت کر کے کر کے مسلمانوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ سڑکوں پہ نکلیں۔ ایسے اقدام کا **قانونی سدِّباب ہونا چاہیئے۔**

4. یہ لوگ نظریہ پاکستان کے خلاف اور پاکستان کو کمزور کرنے کیلیئے سر توڑ کوششیں کر رہے ہیں۔

5. تمام اسلام و پاکستان مخالف این۔جی۔اوز پر مکمل بین لگایا جائے:

a. ان کی تمام سرگرمیوں (بشمول اسلام و پاکستان مخالف مذموم سرگرمیوں) پر پابندی عائد کی جائے۔ وزارتِ داخلہ ان این۔جی۔اوز کو بین کرنے کی ہدایات جاری کرے۔

b. ان کا ایسا تعاقب کیا جائے کہ پھر دوبارہ کسی دوسرے نام سے کام نہ کرنا شروع کر دیں۔

c. پاکستانی خفیہ اور حساس معلومات بیرونی ہاتھوں میں پہنچانے (مثلاً سیٹیزن لیب کو دینے میں) والی این۔جی۔اوز کی کڑی نگرانی کی جائے۔

d. ان کی ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پہ کام فی الفور بلاک کر دیا جائے اور کسی دوسرے نام، آئی۔ڈی یا ویب سائٹ پر دوبارہ آنے کی مستقل نگرانی کر کے بلاکنگ جاری رکھی جائے۔

e. ٹی۔وی اور میڈیا پر ان کے پروگرام نشر کرنے پر مکمل پابندی لگائی جائے۔

f. انکے تمام تصنیفی مواد (مثلاً **اسلام مخالف رجسٹرڈ 'جہدِ حق میگزین**[217] **'یا 'بلوچ حل**[218] **'میگزین** وغیرہ) کی نشرواشاعت فوری بین کر دی جائے کہ کوئی بھی پاکستانی چھاپہ خانہ اسکو نہ چھاپے۔

g. ان کی پراپرٹی، ڈاٹا والا سامان (لیپ ٹاپ، سرور، راؤٹرز) ،تصنیفات (کتب ورسائل) اور تعمیراتی ڈھانچہ (آفس، پناہ گاہوں، خفیہ ٹھکانوں) کو فوری ضبط کر لیا جائے۔ مزید براں، وزارتِ داخلہ متعلقہ حکام اور آئی۔جی حضرات کو ہدایت دے کہ وہ چھاپے[219] مار کر ان کے آفس بند کرے اور انکا ریکارڈ ضبط کر لیا جائے جیسے کے IMMap[220] ساتھ کیا گیا۔

---

[217] [ثبوت: ملحق دوم <حوالہ: 7-A]

[218] این۔جی۔اوز بلوچ حل پر لگا بین ختم کرانے میں کوشاں ہیں۔[ثبوت: ملحق دوم <حوالہ: 18]

h. ان کی انتظامیہ اور حمایتیوں کو گرفتار کر لیا جائے۔

i. ان کے ملازمین (جو ان کے مذموم ایجنڈا سے لاعلم ہیں) کو شعور دلا کر ان کے پنجۂ استبداد سے چھڑائیں۔

j. ان کے فنڈنگ کے ذرائع کو فوری مسدود کر دیا جائے۔ کئی ممالک (بشمول بھارت) نے این۔جی۔اوز کی غیر ملکی فنڈنگ کی روک تھام کیلئے بہت کوششیں کیں۔ کیا یہی اصول پاکستانی این۔جی۔اوز کو ملنے والے بیرونی عطیات پہ نہیں لگنے چاھئیں:۔

i. حال ہی میں، مودی حکومت نے قومی سلامتی کی غرض سے 'گرین پیس انڈیا' این۔جی۔او کے بینک اکاؤنٹ منجمد کر دیئے اور 'فورڈ فاؤنڈیشن' کو زیرِ نگرانی رکھ لیا [221]۔

ii. این۔جی۔او بنام 'کلنٹن فاؤنڈیشن' کو سابقہ امریکی صدر کلنٹن اور اسکی بیوی ہیلری چلاتی ہے۔ گزشتہ دنوں، بیرونی ممالک سے کئی ملین ڈالر وصول کرنے کی بنا پر شدید نشانہ تنقید [222] بن رہی ہے۔ امریکی میڈیا شفافیت کے ساتھ مکمل اثاثوں کی تفصیلات ظاہر کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔

k. ان این۔جی۔اوز کی رجسٹریشن فوری کینسل کی جائے۔

l. ان کی رجسٹریشن جس ایجنسی نے کی اور جاری رکھی، اسکا بھی احتساب بذریعہ کورٹ یوں کیا جائے:

i. اس نے کس بنیاد پر دشمنانِ اسلام و پاکستان این۔جی۔اوز کی رجسٹریشن کی؟

ii. ان دشمنانِ اسلام و پاکستان این۔جی۔اوز کی نگرانی تاریخِ رجسٹریشن سے اب۔تک کیسے کی گئی؟ کیا اتنا دیکھنے کی زحمت بھی گوارا نہ کی گئی کہ ان کی اپنی ویب سائٹس پہ کیسا کیسا زہر اسلام و پاکستان کے خلاف اگلا جا رہا ہے۔

m. ان کے تنظیمی بینک اکاؤنٹ فوری منجمد کر دیئے جائیں (مثال کے طور پر بائٹس فار آل کا اکاؤنٹ بارکلے بینک اسلام آباد میں ہے)۔

---

[219] آجکل کے جدید ایران میں بھی سنسرشپ ہے جسکے نتیجے میں شریعت و ایران مخالف این جی اوز پر چھاپے مارے جاتے ہیں۔
[220] [ثبوت: ملحق دوم < حوالہ: 14]
[221] [ملحق سوم < حوالہ: 40]
[222] http://www.nytimes.com/2015/04/24/us/cash-flowed-to-clinton-foundation-as-russians-pressed-for-control-of-uranium-company.html

n. اسلام آباد ان این۔جی۔اوز کی زہر آلود سرگرمیوں کا گڑھ ہے اور اکثر کے ہیڈ آفس یہیں ہیں۔ اسلام آباد کو ان این۔جی۔اوز کی غلاظت سے پاک و آزاد کیا جائے۔

o. ان کی انٹرنشپ[223] کروانے کی سہولت ختم کر دی جائے کیونکہ یہ پاکستانی نوجوان نسل کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں۔ جو یہاں سے انٹرنشپ کر چکے ان کی منسوخ کر دی جائے۔

p. گورنمنٹ کی سنسرشپ کو چیلنج کرنے کیلئے انھوں نے جو کیسز اور درخواستیں[224] اسلام آباد اور لاہور ہائی کورٹ میں بھجوا رکھی ہیں، ان کو خارج کیا جائے۔

q. ان کا کورٹس میں داخلہ ممنوع قرار دیا جائے۔

r. رجسٹریشن، فنڈ آڈٹ اور نگرانی کا معیار اس انداز کا بنایا جانا چاہیئے کہ اس قسم کی این۔جی۔اوز کبھی بھی رجسٹر نہ ہو سکیں اور نہ ہی پہلو بچا کر چالاکی سے رجسٹریشن کروا سکیں۔

s. پی۔کے۔این۔آئی۔سی[225] کو لازمی طور پر گستاخ و دہشت گرد این۔جی۔اوز یا عناصر کی ویب سائٹ ڈومین رجسٹریشن مسترد کرنی چاہئیے اور پہلے سے رجسٹر شدہ کو منسوخ کیا جائے۔

t. پاکستان میں موجود سرگرم این۔جی۔اوز کی تعداد کم از کم **100,000** سے[226] **150,000** کے درمیان ہے۔ اس گنتی کے مطابق ہر 2,000 بندوں پر ایک این۔جی۔اوز ہے۔ تمام این۔جی۔اوز کی چھان بین کی جائے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ بلا تفریق رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ، پاکستان میں کوئی اسلام یا پاکستان مخالف این۔جی۔او نہیں ہے۔

u. این.جی.اوز کے بارے میں موثر قانون سازی کو فی الفور پایۂ تکمیل تک پہچایا جائے جو مندرجہ بالا تمام نکات کا احاطہ کرے۔ مندرجہ ذیل باتیں اس سلسلے میں مدد ثابت ہو سکتی ہیں:۔

---

[223] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 12]
[224] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 38]
[225] PKNIC - http://www.pknic.net.pk/
[226] پاکستان سنٹر برائے فیلنتھراپی (پی سی پی)کی تفتیش، یہ ایک ادارہ ہے جو این.جی.اوز کو سرٹیفکیٹ دیتا ہے۔[ثبوت: ملحق دوم >حوالہ: 13]

i. "فارن کنٹریبوشن ایکٹ ۲۰۱۴"[227] (غیر ملکی فنڈنگ ایکٹ) کا قانونی مسودہ فوری لاگو کیا جائے اور طاقتور این۔جی۔اوز کے شدید پریشر کی وجہ سے پیچھے نہ ہٹا جائے۔ یہ این۔جی۔اوز مادر پدر آزادی[228] کی خواہاں ہیں، اس لئے یہ ایکٹ منظور نہیں ہونے دیتیں۔ ۲۰۱۳ کے اواخر تک ای۔اے۔ڈی[229] نے ای۔سی۔سی کے فیصلے (این۔جی۔اوز کو کنٹرول کے نے کے متعلق) کے نتیجے میں ایک نوٹفیکیشن جاری کیا کہ ہر ادارے پر لازم ہو گا کہ اے۔ای۔ڈی پر بیرونی اثاثے ظاہر کرے اور اثاثوں کے قوانین وضوابط مع بینک اکاؤنٹ بھی بتائے۔ اس نوٹیفکیشن کو بھی لاگو[230] کیا جائے۔

ii. این جی اوز کے بارے میں قانون سازی کیلئے اگر ایک بار پھر طریق الحق کو موقع دیا گیا کہ وہ حکومت کی مدد کرے تو انشاءاللہ پہلے کی طرح معاونت کرے گی جیسا کہ انسدادِ 'الیکٹرانک کرائم' ایکٹ۔۲۰۱۵ کی ترامیم[231] کی صورت میں معاونت کی۔

انسدادِ 'الیکٹرانک کرائم' ایکٹ۔۲۰۱۵ کے تحفظ کیلئے نکات

1. انسدادِالیکٹرانک کرائم ایکٹ ۲۰۱۵ ،بسمیت طریقُ الحق کی تجویز شدہ ترامیم یا کم از کم موجودہ صورتِ حال میں، کا نفاذ؛ اسلام اور پاکستان کیلئے بہت اچھا ہے:۔

a. اسکو فی الفور ،بسمیت طریقُ الحق کی تجویز شدہ ترامیم یا کم از کم موجودہ صورتِ حال میں، نافذ کر دیا جائے، اس سے پہلے کہ کوئی ملکی یا غیر ملکی اسلام یا پاکستان مخالف این جی او، اپنی مرضی کی ترامیم کرانے کیلئے گھسنے[i] یا دباؤ ڈالنے کی کوشش کرے۔

b. اس ایکٹ کو؛ فیڈرل شریعت کورٹ اور اسلامی نظریاتی کونسل کی عمیق جرح کے بعد منظور کیا جانا چاہیئے تاکہ یہ دونوں رہنمائی کر سکیں کہ آیا کہ کوئی شق اسلام یا ناموسِ رسالت کے متصادم تو نہیں، اور اسلام یا پاکستان مخالف این جی اوز کے زیرِ دباؤ کی جانے والی ترامیم یا حذف شقوں کے کیا اثرات ہوں گے خاص کر شق ۳۴، ۲۵ اور ۹ کے بارے میں۔ یہ دونوں ادارے، تحفظِ ناموسِ رسالت کیلئے، کسی اضافہ، کمی، یا ترمیم کی نشاندھی بھی کر سکتے ہیں۔

---

[227] Foreign Contributions Act, 2014

[228] http://www.thenews.com.pk/Todays-News-13-35110-Dollar-driven-NGOs-remain-unchecked

[229] http://www.ead.gov.pk/ Economic Affairs Division

[230] http://www.thenews.com.pk/Todays-News-13-35110-Dollar-driven-NGOs-remain-unchecked

[231] آپ ان ترامیم کی نقل طریق الحق ہیڈ کوارٹرز سے طلب کر سکتے ہیں۔ یہ ضمیمہ اول تا پنجم ساتھ علحدہ نتھی بھی ہے۔

c. اس ایکٹ میں ایک شق کا اضافہ کرنے کی اشد ضرورت ہے کہ کسی بھی گستاخی یا الیکٹرانک گستاخی کا فیصلہ فیڈرل شریعت کورٹ کرے۔

d. یہ ایکٹ کو، موجودہ شکل میں، چاہے اس میں طریق الحق کی ترامیم ہوں یا نہ ہوں، علماء، وکلاء، ججز، پروفیسرز، وغیرہ کی جانب سے بے تحاشا حمایت[232] حاصل ہے۔ اور تمام مسلمان اس قانون کے حق میں ہیں۔ کچھ غیر سول سوسائٹی کی غیر مہذب این جی اوز کا بلاوجہ کا شور شرابہ[233] بھلا پاکستان کی آواز بن سکتا ہے؟

e. ملک میں اسلام مخالف سائبر کرائم کی شرح دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اس ایکٹ کو ہمارا جلدی منظور کروانے کا مطالبہ اس لئے بھی ہے کہ کہ بروقت[ii] ایسے جرائم، بالخصوص اسلام مخالف، کو کنٹرول کرنے میں آسانی ہو جو عام انسان کی آنکھ سے اوجھل، پس پردۂ ٹیکنالوجی چھپے ہوتے ہیں۔

2. ایسی اسلام یا پاکستان مخالف این جی اوز کی ایما پر، کسی صورت[iii]، سیکشن ۳۴، ۲۵ یا ۹ میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے:۔

a. سیکشن ۳۴، یا ۲۵، ۹ کو غلط استعمال کے خطرے یا سیاسی نکتہ چینی کے لبادے میں ختم کرنے کی کوشش نہ کی جائے کہ اسلام مخالف این جی اوز کا یہ چھپا ایجنڈا ہے۔

b. سیکشن ۲۵ کو اضافی[234] یا دہرا سمجھ کر ختم نہ کیا جائے کیونکہ گستاخوں کو یہ کہنے کا موقع مل جائے گا کہ مجموعہ تعزیراتِ پاکستان انٹرنیٹ پہ لاگو ہی نہیں اور کوئی بھی قانون[235] اس کیلئے نہیں۔ اس سیکشن کے نفاذ سے تمام مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کے جرائم بشمول قانونِ توہینِ رسالت؛ (چاہے انٹرنیٹ یا ٹی۔وی وغیرہ پر) سائبر کرائم بن جائیں گے۔

c. مزید وضاحت، زور ڈالنے اور باریک بینی سے تعریف کرنے کیلئے طریق الحق کی تجویز شدہ شقیں[236] لازمی ڈالی جائیں۔

---

232 آپ ان ترامیم کی نقل طریق الحق ہیڈ کوارٹرز سے طلب کر سکتے ہیں۔ یہ ضمیمہ اول تا پنجم ساتھ علحدہ نتھی بھی ہے۔ خاص کر دیکھئے ضمیمہ دوم۔

233 [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 80-A]

234 ایک این جی او بنام سنٹر فار لاء اور ڈیماکریسی کی کی تصنیف Pak.Cyber_.Mar141.pdf کے صفحہ ۸ پر۔

235 [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 27, 61]

236 آپ ان ترامیم کی نقل طریق الحق ہیڈ کوارٹرز سے طلب کر سکتے ہیں۔ یہ ضمیمہ اول تا پنجم ساتھ علحدہ نتھی بھی ہے۔

d. گستاخوں یا مجرموں کے آن لائن حمایتیوں اور ۳ مئی کے آزادیٔ صحافت کا دن منانے والوں کی گرفتاری کو؛ اس ایکٹ کے سیکشن ۹ کے بلا غیر ضروری ترمیم نفاذ کے ذریعے؛ یقینی بنایا جائے۔

e. یہ شقیں اسلام و پاکستان کے لئے تحفظ ہیں، اگر کچھ نظر ثانی کرنی ہے تو سیاسی شخصیات کے مزاق کو روکنے کیلئے جو لکھا ہے اسپر کرنا چاہیں تو کر لیں مگر مکمل سیکشن کو سرے سے ختم کرنے کی کیا تک بنتی ہے۔

f. اس قسم کی این جی اوز غلط یا ناجائز استعمال[iv] کے الفاظ بالعموم پورے ایکٹ کے لئے استعمال کرتے ہیں مگر در حقیقت[v] قانونِ ناموسِ رسالت[237] کیلئے آڑ کے طور پر استعمال کرتے ہیں تا کہ یہ کسی طور منسوخ ہو جائے۔ جبکہ حقائق اسکے بر خلاف ہیں، مسلمان اور قادیانی کی اس قانون کے تحت سزائے موت کی شرح برابر ہے، جو کہ واضح ثبوت ہے کہ نہ کوئی جانبدارانہ رویہ رکھا گیا نہ ہی کوئی غلط استعمال[238] کیا گیا، جیسا کہ وہ چیختے ہیں۔ گستاخی کے نام پہ غلط استعمال کے امکانات اس لئے نہیں کہ پی۔ٹی۔اے اور ایف۔آئی۔اے سب سے ذمہ دار ادارے ہیں جنکو یہ ذمہ داری دی جا سکتی ہے۔ کیا ہمیں محض اسلئے قانونِ ناموسِ رسالت کو ختم کر دینا چاہیئے کہ اسکا غلط استعمال ہو سکتا ہے؟ ہر گز نہیں۔ کیونکہ تمام قوانین کا غلط استعمال ممکن ہے تو کیا اسکا یہ مطلب ہے کہ ہم تمام قوانین ختم کر دیں؟ نہیں۔ وزیر برائے آئی ٹی اور ٹیلی کام انوشہ رحمن نے بالکل صحیح کہا کہ کسی بھی ممکنہ[vi] غلط استعمال کے خلاف اقدامات اس ایکٹ میں موجود ہیں اور اب اس قانون پہ تنقید کا کوئی جواز[vii] باقی نہیں[239]۔ محترم کیپٹن صفدر ریٹائرڈ نے بہت عمدہ بات کی کہ ہمیں اپنے اداروں پر اتنا اعتماد ضرور کرنا چاہیئے کہ وہ غلط استعمال نہیں کریں گے[240]۔ ایم۔این۔اے طلال چوہدری نے بھی یہی کہا، جبکہ میجر ریٹائرڈ طاہر اقبال نے اسکو کامل قانون قرار دیتے ہوئے کہا کہ ۱۰۰ میں سے شائد کوئی ایک اسکا غلط استعمال کرے[241]۔ اسی بات کا اظہار کسی حد تک ایک این جی او پلڈیٹ[242] نے بھی کیا(جبکہ اسلام مخالف این جی اوز نے بیو قوفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسکے بر عکس سوچا[243]):۔

---

[237] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 19]
[238] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 26-R]
[239] http://tribune.com.pk/story/871244/cybercrime-act-bored-teens-ethical-hackers-can-end-up-in-jail/
[240] http://tribune.com.pk/story/871244/cybercrime-act-bored-teens-ethical-hackers-can-end-up-in-jail/
[241] http://tribune.com.pk/story/870919/na-committee-approves-controversial-cyber-crime-act/
[242] PILDAT
http://www.pildat.org/Publications/Publication/LB/PILDATLegislativeBrief21_ThePreventionofElectronicCrimesAct2015.pdf
[243] اگرچہ ہم پلڈیٹ سے اس بات پر متفق نہیں کہ اس کے غلط استعمال پہ شور جائز بات ہے[ثبوت: ملحق دوم >حوالہ: 11]

i. انسدادِ سائبر کرائم ایکٹ ۲۰۱۵ کچھ معاملات میں آگے بڑھ کر، کچھ دفعات کے ممکنہ غلط استعمال کے خلاف حفاظت فراہم کرتا ہے جب کہ ایساے ۲۰۰ کے آرڈیننس میں نہیں تھا۔ مثلاً یہ پی ٹی اے کو پاور دیتا ہے کہ وہ سروس پروائڈرز کو ہدایات جاری کرے ۰۰۰۰ وفاقی حکومت اس پاور کے استعمال کے لئے طریقے اور معیار وضع کرے گی۔

ii. سیکشن ۱۰ میں سائبر دہشت گردی کو ۲۰۰۷ آرڈیننس کے مقابلے میں زیادہ باریک بینی[viii] سے بیان کیا گیا ہے۔

iii. سیکشن ۹ اور ۱۹ سیاسی تنقید کا گلا گھونٹ دیں[ix] گے، یہ خام خیالی[x] ہے۔

iv. یہ سوچ کی سیکشن ۳۴ کا غلط استعمال ہوگا؛ تو یہاں اس بات کو نہیں بھولنا چاہیئے کہ آئین کے آرٹیکل ۱۹ کے تحت[244] گارنٹی شدہ آزادیٔ اظہار کے بنیادی حق کیلئے جو حدود قیود ہیں وہی حدود قیود[xi] اس سیکشن ۳۴ میں بھی ہیں۔ پی ٹی اے ایک خود مختار ریگولیٹری ادارہ ہے اس لئے اس کیلئے یہ سوچنا بے جا ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرے گا، کیونکہ اپیل کا حق تو بہر حال ہے ہی۔

3. اسلام و پاکستان مخالف این۔جی۔اوز کی سفارشات بہت خطرناک ہیں (جیسے بائٹس فار آل کی سفارشات کا مجموعہ[245]....کوئی حکومتی اتھارٹی بشمول پی۔ٹی۔اے، کا انٹرنیٹ پہ انتظام مواد[xii] میں کوئی کردار نہیں ہونا چاہیئے[246]۔۔۔ایکٹ میں صحافیوں کیلئے استثناء ہونا چاہیئے کہ ان کو ہرگز سزا نہ دی جائے[247]۔۔۔) اور ان کا مقصد تخریبی[xiii] کاروائیاں کرنا ہے:۔

a. ان سفارشات پر نہ ہی کان دھرے جائیں نہ ہی انکو نافذ کیا جائے؛ وگرنہ گستاخ اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں گے (جیسا کہ اوپر بیان ہوا)۔ انسدادِ الیکٹرانک ایکٹ کی عوامی سماعت[xiv] میں؛ اسلام مخالف این جی اوز اور ان کی کمیٹیوں[248] کو ہرگز دعوت نہ دی جائے۔ صرف علماء، عاشقِ رسول ﷺ قانون دانوں اور طریقُ الحق کو مدعو[xv] کیا جائے، اسکی وجہ یہ ہے کہ عوام کی اکثریت بھولے بھالے[xvi] مسلمان ہیں اور انکو اس ایکٹ کا علم ہی نہیں۔ پاکستان کے صرف 9.6% لوگ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں[249]۔ پاکستانی ابھی تک انٹرنیٹ سے واقفیت[xvii] ہی حاصل کر رہے ہیں۔ اس لئے ایکٹ کے مسائل کا عوام میں سے کچھ ہی کو علم ہے۔ اسلام مخالف

---

244 ملحق ششم

245 charter of demand [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 2]

246 [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 62, 63]

247 [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 63]

248 [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 80-A]

249 بمطابق انٹرنیشنل ٹیلی کمیونکیشن یونین ۲۰۱۲؛ ، http://www.itu.int/net4/itu---d/icteye/

این جی اوز اسکا ناجائز فائدہ[xviii] اٹھا رہی ہیں، اپنی اجارہ داری قائم کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور قانونِ ناموسِ رسالت کو ڈھانا چاھتی ہیں۔ اس لئے یا تو عوامی سماعت منعقد ہی نہ کی جائے اور اگر کی بھی جائے تو اسلام مخالف این جی اوز کو ہر گز مدعو نہ کیا جائے۔ اکثر مسلمانوں کو ان این جی اوز کی چال بازیوں[xix] کا علم بالکل نہیں۔ آیئے ہم عہد کریں کہ ان اسلام مخالف این جی اوز کے غاصبانہ عزائم[xx] کو خاک میں ملا دیا جائے جو غیر ملکی فنڈز کے زور پر مسلمانوں کی قسمت سے کھیلنا چاھتے ہیں۔

b. مثلاً انکی ایک نہایت خطرناک سفارش ہے کہ وہ اپنی مرضی کے غیر مہذب گستاخوں کو پی ٹی اے کی بجائے بلاکنگ اتھارٹی کے طور پر نامزد کرنا چاھتے ہیں (ان کا کہنا ہے' "کافی اتھارٹی یا اختیارات سونپ کر، سول سوسائٹی کے وسیع البنیاد[xxi] نمائندے کو مواد کی جرح کی ذمہ داری دی جائے[250] ••••")۔ یہ منہ اور مسور کی دال۔ یہ این جی اوز گورنمنٹ، پی ٹی اے اور ایف آئی اے کی مخالفت کرتی ہیں اور انھوں نے ہی ویب سائٹ بلاک کرنے کیلئے انٹرنیٹ جانچ پڑتال کیلئے انٹر منسٹیریل کمیٹی[251] کو تحلیل[xxii] کوادیا۔ یہ لوگ اپنی اجارہ داری اور چودھراہٹ[xxiii] کیلئے کسی بھی حد تک جاسکتے ہیں۔ اس سفارش کو ایکٹ کا حصہ نہ بنایا جائے، نہ اسپر عمل کیا جائے **وگرنہ یہ لوگ اس قانون کی آڑ میں ڈنکے کی چوٹ پر گستاخانہ مواد کا کنٹرول حاصل کرلیں گے اور آزادانہ اسلام کے خلاف کرروائی کریں گے**۔ اس لئے انسداد سائبر کرائم ایکٹ کو پرائیویٹ سیکٹر اور سول سوسائٹی (جو کہ دراصل غیر سول یا غیر مہذب ہیں، اور عوام کے نمائندے ہر گز نہیں، کیونکہ وہ غیر ملکی ایجنڈا کے پھیلانے والے ہیں) کی مشاورت کے بغیر منظور کیا جائے۔

4. گستاخ کہتے ہیں "اسکا فیصلہ کون کرے گا کہ فلاں مواد گستاخانہ ہے[252] "، (ایسے سوال کا مقصد سیکشن 34 کا خاتمہ ہے۔۔ جیسا کہ ان کا کہنا ہے "بچگانہ[xxiv] طریقے سے گستاخانہ مواد کا انتظام ہوگا[253] ")۔ ان کے مونہوں کو مقفل کرنے کیلئے گستاخانہ مواد کی بلاکنگ کیلئے "علماء بورڈ" تشکیل دیا جائے یا طریق الحق کو یہ ذمہ داری سونپی جائے، جو مکمل مستند طور پر گستاخانہ مواد کی تلاش و تحقیق کرکے گورنمنٹ اور پی ٹی اے کی مدد کرے گی۔

---

[250] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 63]
[251] IMC- Inter-Ministerial Committee For Web Evaluation [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 69]
[252] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 63]
[253] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 63]

5. گستاخانہ مواد کسی قیمت پر برداشت نہ کیا جائے۔ سنسر شپ کو سنسر نہ کیا جائے۔ اسلام اور پاکستان کی سلامتی کیلئے پوری قوت کے ساتھ اور فوری[xxv] سنسر شپ (ویب سائٹ خصوصاً گستاخانہ مواد بلاکنگ وغیرہ) کو یقینی بنایا جائے۔ اکثر نام نہاد ماڈرن دنیا[254] بشمول امریکہ[255] سنسر اور نگرانی شدت سے کرتے ہیں، تو پاکستان کی تخصیص کیوں؟ کیا آزادیٔ رائے کے قوانین صرف مسلمانوں پہ تھوپنے کیلئے بنائے گئے؟

6. کوئی اضافی، علحدہ حقوق یا حفاظت یا سزا سے استثناء صحافیوں کو نہ دیا جائے۔ وہ عام شہری ہیں اور ان کو عام شہری ہی رہنے دیا جائے۔ (صحافیوں میں اکثریت کم علم ہیں اور جو کسی بھی شعبے میں نکھٹو ہوتے ہیں وہ صحافت کا رخ کرتے ہیں)۔

a. انکے ساتھ عام پاکستانی والا سلوک کیا جائے اور اگر وہ جرم کریں تو معافی کی بجائے سزا دی جائے۔

b. اگر وہ ۳ مئی آزادیٔ صحافت کا گستاخانہ دن منائیں یا اسلام و پاکستان کے خلاف آزادیٔ اظہار کا دم بھریں تو انہیں مروجہ قوانین اور مجموعہ تعزیرات پاکستان کے تحت سزا دی جائے۔

7. گستاخی کی تعریف، گستاخی کی سزا اور گستاخی کی ارادی یا غیر ارادی[256] حمایت کی سزا کو اس ایکٹ میں شامل کیا جائے۔

8. نبی پاک شاہ لولاک ﷺ کی ادنیٰ گستاخی بھی آزادیٔ اظہار کے نام پر قابلِ قبول نہیں۔ حکومت کو سائبر کرائم لاء میں واضح طور پر آزادیٔ اظہار وغیرہ کی تعریفات، قرآن وسنت و تعزیرات پاکستان کی حدود میں، درج کرنی چاھئیں، تا کہ این جی اوز کی کالی زبانیں بند ہو جائیں۔ جیسا کہ اسلامی انسانی حقوق کے قاہرہ اعلان[257] میں کہا گیا: "انسانوں کو شریعتِ مطھرہ کے مطابق مہذب زندگی کی آزادی اور حق ہے"۔ اس ضمن میں طریق الحق نے کچھ نئی اصطلاحات، قرآن وسنت کی روشنی میں، ایجاد کی ہیں، مثلاً **آزادیٔ صحیح اظہار، آزادیٔ صحیح نطق، آزادیٔ صحیح معلومات، حقِ صحیح رازداری۔**

[254] پی۔ای۔ڈبلیو کی تحقیق کے مطابق تقریباً دنیا کے ۵۰ فیصد ملکوں میں سخت قانون ناموس اور سنسرشپ قوانین موجود ہیں جن میں چین، بھارت، کینیڈا، آسٹریلیا سرفہرست ہیں۔

[255] گوگل نے اپنے ملک کیلئے کچھ مواد کو گستاخانہ سمجھ کر Google.cn سے چینی زبان نکالنے کی دھمکی دے دی۔

[256] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 63]

[257] https://en.wikipedia.org/wiki/Universal_Declaration_of_Human_Rights، یہ اقوام متحدہ کے آفاقی انسانی حقوق کے اعلان کے ردِ عمل کے طور پر سامنے آیا۔

حکومتی اداروں (پی ٹی اے، ایف آئی اے وغیرہ) کو مستحکم بنانے کیلئے نکات

1. گورنمنٹ یا پی ٹی اے کو بلا روک ٹوک[xxvi] اختیارات لازمی طور پر دیئے جانے چاھئیں تا کہ وہ اسلام و پاکستان مخالف مواد کو سنسر کر کے گھناؤنے پراپیگنڈے سے مقابلہ کر سکیں۔ اور یہ تبھی ممکن ہو گا کہ سیکشن 34 کو بلا اسلام و پاکستان مخالف این جی اوز کی مداخلت کے منظور کیا جائے۔

2. غیر ملکی کمپنیوں سے رابطہ کر کے پاکستان میں پی سی بیسڈ اور انڈروائڈ بیسڈ[258] ہر دو فلٹرنگ سافٹ وئیر منگایا جائے۔

3. پاکستان کو جدید ٹیکنالوجی مثلاً فنفشر، نیٹ سوپیر، نارس لازماً استعمال کرنی چاہیئے اور اسکو حتی الامکان خفیہ بھی رکھنا چاہیئے۔ مثال کے طور پر قطر میں قومی آئی ایس پیز، متحدہ عرب امارات، کویت اور یمن میں مذہبی و سیاسی سنسر شپ کیلئے نیٹ سوپیر کا استعمال ہوتا ہے[259]۔ چین، ایران، سعودی عریبیہ کے پاس بھی ایسی ٹیکنالوجی ہے[260]۔

4. پاکستان کی وزارتِ آئی ٹی؛ یو۔ آر۔ ایل فلٹرنگ، بلاکنگ کی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کیلئے اپنے منصوبے فقط این جی اوز کے دباؤ پہ التوا میں نہ ڈالے[xxvii]۔ پاکستان میں نچلے درجے[xxviii] کی یو۔ آر۔ ایل بلاکنگ اور فلٹرنگ پوری شدت کے ساتھ جاری رکھی جائے تا کہ اسلام و ریاست و افواجِ پاکستان مخالف اور علحد گی پسند مواد کا صفایا کیا جا سکے۔

5. سائبر جاسوسی کی بھرپور مذمت کی جائے۔ امریکہ اپنی خفیہ ایجنسیوں مثلاً سی آئی اے اور این ایس اے کے ذریعے جن ممالک کی سائبر جاسوسی کو رہا ہے، ان میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے، یہ پاکستان کیلئے ایک مستقل خطرہ ہے۔ چونکہ پاکستان سائبر جنگ[261] کا نشانہ بنا ہوا ہے، اسلئے حکومت سائبر سیکورٹی حکمتِ عملی وضع کرے اور اس کیلئے فنڈ بھی مختص کرے۔ اس مقصد کیلئے ایک خصوصی سائبر سیکورٹی ٹاسک فورس تبدیل کی جائے۔ اسکا سیکر ٹیریٹ وزارتِ آئی ٹی میں ہو۔

6. انٹرپول، او آئی سی، یو این او سے رابطہ کر کے بیرونی اسلام و پاکستان مخالف عناصر کا کو تلاش کر کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔

7. گستاخ ویب سائٹس کے مالکان کے خلاف ایکشن کیلئے وزارتِ خارجہ گستاخانہ خاکوں کا معاملہ بین الاقوامی سطح پر اٹھائے۔

---

[258] پی سی یعنی کمپیوٹر بیسڈ اور انڈرؤانڈ یعنی موبائل بیسڈ کی مدد سے مستقل اور تیر بہدف فلٹرنگ ہو سکے گی۔
[259] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 1]
[260] [ثبوت: ملحق اول <حوالہ: 26.AA]
[261] cyber warfare

8. پاکستان مسلم دنیامیں ان بات پر زور دے کہ:

a. کسی ایک **ملک** کے پاس گستاخانہ مواد ہو تو وہ او آئی سی یا او آئی سی کمپیوٹر ایمر جنسی رسپونس ٹیم، یا دوسرے **ممالک کی** کمپیوٹر ایمر جنسی رسپونس ٹیموں کے ذریعے تمام اسلامی ممالک تک پہنچا کر تمام اسلامی دنیا میں فوری بلاک کرائے۔

b. تمام مسلم ممالک کو، او آئی کا پلیٹ فارم استعمال کرتے ہوئے، لازماً اپنا بنیادی **متحدہ اسلامی انٹرنیٹ سسٹم**[262] بنانا ہو گا، اپنا سرچ انجن، اپنا ویڈیو اور متن کا سماجی میڈیا وغیرہ، جیپر ماہرین، ٹیکنالوجی، فنڈ سے لیس واحد **یکساں بلاکنگ اور فلٹریشن سیٹ اپ** کی ہر وقت گستاخانہ مواد کی نگرانی ہو۔ اگر نیل کے ساحل تا بخاکِ کاشغر ایک ہوں مسلم تو کیا بعید کہ یورپی یونین کی طرز پر **اسلامی یونین** بنا کر ورلڈ آرڈر کنٹرول کریں!

c. پاکستان اور او آئی سی باہم، **بین المذاہب قانون برائے بقائے باہمی** کی تخلیق و منظوری کیلئے، بین الاقوامی میڈیا پہ زور دیں۔ اس میں تمام انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کی عزت بجالانے کے ساتھ ساتھ ان مقدس ہستیوں کے گستاخوں کو عبرت ناک سزائیں دینے کی قانون سازی بھی شامل ہو۔

9. وزیر خارجہ متعلقہ یورپی ممالک سے احتجاج ریکارڈ کرائے۔ گستاخ کارٹون کی نمائش کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے، پاکستان میں امریکی سفیر کی غیر ملکی دفتر[263] میں حاضر طلبی[xxix] کی جائے۔ گستاخانہ کارروائیوں کی روک تھام کیلئے مؤثر قانون سازی کیلئے حکومت اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں قرارداد پاس کرائے۔

10. ایف آئی اے اور دوسری انٹیلی جینس ایجنسیاں مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کے مطابق، تلاش کریں کہ اس تمام گستاخانہ مواد کے پیچھے[264] کون کون سے لوگ پس پردہ کام کر رہے ہیں، اور کون انکو فنڈ کر رہا ہے، کار فرما آئی ڈیز، ہوسٹ، ایڈمن، ڈومین پرووائڈر وغیرہ کون ہیں۔ مثلاً بولو بھی اور اس قبیل کی دوسری این جی اوز کا کڑا محاسبہ کریں جو روشنی پی کے[265] وغیرھم جیسی گستاخانہ ویب سائٹس سے تعاون کر رہی ہیں۔

---

[262] انٹرنیٹ پہ یورپی اجارہ داری کو تہس نہس کرنے کیلئے۔
[263] Foreign Office
[264] ان لوگوں نے عیاں ہونے سے بچنے کیلئے پہلے سے ہی مضبوط کوڈ لگائے ہوئے ہیں۔
[265] [ثبوت: ملحق اول >حوالہ: 32, 39]

11. مئی ۲۰۱۲ کا، بنام پی ٹی اے، وزارت سے جاری کردہ ھدایت نامہ، پوری شد و مد [xxx] سے نافذ کیا جائے۔ جس میں لکھا تھا، "فنڈ، بجٹ اور ورکر دے کر، شاندار [xxxi] تکنیکی سہولیات و جدید کال سنٹر سے مزین،، ایک متعین [xxxii] اکائی کا قیام عمل میں لایا جائے جسکا منشور؛ گستاخانہ و فحش ویب سائٹس کا خود مختار و بنظرِ فرداخاتمہ ہو"۔ اگر مناسب محسوس ہو تو یہ ذمہ داری **طریق الحق** کو ایک متعین اکائی کے طور پر دی جاسکتی ہے، اور انشاءاللہ طریق الحق حکومت کی مدد کیلئے معیار پر پوری اترے گی۔

متفرق نکات

1. وہ گستاخانہ ویب پیج جو کہ چارلی ہیبڈو میگزین کے سرِورق [xxxiii] وغیرہ کی تصویریں لگائے بیٹھے ہیں، انکو فوراً اور مستقلاً بلاک کر دینا چاہیئے جیسا کہ دیگر ملکوں [266] نے کیا۔ وہ **گستاخانہ لنک جو بظاہر پاکستان سے ابھر رہے ہیں** (جو بطور **ملحق ہشتم** بنام طریق الحق بوبلاک انسائکلوپیڈیا میں موجود ہیں، عندالطلب مل بھی سکتے ہیں)، ان کی تفتیش ضروری ہے کی ان کے پیچھے کون کون سے گستاخ اور این جی اوز ہیں۔ علاوہ ازیں **۳۰۰۰ کے لگ بھگ غیر ملکی گستاخ لنک** (جو بطور **ملحق نہم** بنام طریق الحق بوبلاک انسائکلوپیڈیا میں موجود ہیں، عندالطلب مل بھی سکتے ہیں)، جنکو متعدد دفعہ پی ٹی اے کو طریق الحق کی طرف سے بتایا جاچکا ہے، مگر این جی اوز کے دباؤ کے تحت بلاک نہیں کیا گیا، انکو بھی فوری بلاک کیا جائے۔

2. علاوہ ازیں، مندرجہ بالا اسلام و پاکستان مخالف مواد کے ساتھ ساتھ اسلام و پاکستان مخالف فورم، کھیلیں، کارٹون مقابلے و نمائش، انڈرائڈ ایپس، ای میل، نیوز گروپ، چیٹ روم، ایس ایم ایس، 40404 یا دیگر سوشل میڈیا [267] موبائل ایس ایم ایس سروس، یا وہ ویب سائٹس جو ایسے مواد کو شئیر کرتی ہیں، وغیرہ کو بلیک لسٹ میں شامل کیا جائے (اور ضرورتاً آئی ایس پیز سے بھی بلاک کرایا جائے)۔ عمل پیرانہ ہونے والی آئی ایس پیز کے خلاف قانونی چارہ جوئی بھی کی جائے۔ جو پارٹی بلیک لسٹ شدہ لنک ہوسٹ یا شیئر کرے گی اسکو مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کے مطابق سزا کے علاوہ فائن [268] اس وقت تک کیا جائے جب تک وہ اس لنک کو ختم نہ کر دے۔

3. یوٹیوب کی بلاکنگ لازماً جاری رکھی جائے، کیونکہ اسکے پیچھے ہمارا مقصد گستاخانہ فلم کے خلاف ابدی احتجاج اور صارفین کم کر کے یوٹیوب کو ایسا معاشی نقصان پہنچانا کہ وہ گستاخیاں ختم کرنے کیلئے مجبور ہو جائے۔ دیگر گستاخانہ ویب سائٹس مثلاً فیس بک، وکیپیڈیا اور ٹویٹر کو بلاک کر کے متبادل ویب سائٹس جیسے ڈیلی موشن، پاکستانی ملت فیس بک [269] وغیرہ کو ترویج دی جائے۔ اسطرح پاکستانی ویب ڈویلپرز کے لئے آگے بڑھ کر پاکستان کا

---

[266] [29 :حوالہ <ملحق سوم :ثبوت]

[267] مثلاً 40404 پہ دہریوں کی گستاخانہ ایس ایم ایس سروس پاکستان میں چل رہی ہے۔

[268] مثلاً آسٹریلیا میں بلیک لسٹ کو اے سی ایم اے لسٹ کہتے ہیں جس میں جو آ جائے وہ روزانہ ۱۱ لاکھ روپے جرمانہ ہوتا رہتا ہے جبتک وہ لنک کو ہٹا نہ دے۔ اگر صارف قابل اعتراض لنک رکھے تو ہوسٹ یا ویب سائٹ کے مالک کو جرمانہ بھرنا پڑے گا۔

[269] www.Mymfb.com

نام روشن کرنے کے مواقع ملیں گے اور پاکستان آئی ٹی کے میدان میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جائے گا۔ جیسا کہ ایرانیوں نے یوٹیوب اور فیس بک کی بندش کے بعد کرڑوں صارفین کی سائٹس بنالی ہیں۔ چین کا اپنا گوگل ہے۔ یوٹیوب، فیس بک کی بلاکنگ سے تعلیم متاثر ہو گی؟ نہیں بلکہ یہ این جی اوز کی خام خیالی ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو سب سے پہلے چین میں تعلیم متاثر ہوتی۔ پاکستان میں تو حالات یہ ہیں کہ نوے فیصد سے زائد پاکستانی وقت گزاری کیلیئے انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں۔ ان گستاخ ویب سائٹس کی بلاکنگ سے پاکستان کا معاشی استحصال نہیں ہو گا، یہ بات ذہن سے نکال دی جائے۔ جو تعلیم و معیشت گستاخی کی پیداوار ہو، اس پہ لعنت کیجیے۔ انکا مقصد صرف اور صرف مسلمانوں کے جذبات سے کھیلنا ہے[270]۔

4. اگر اتھارٹی اسلام و پاکستان مخالف لنک بلاک نہ کرے یا قانونی چارہ جوئی نہ کرے تو بھیجنے والے کے پاس اختیار ہونا چاہیئے کہ وہ قانونی طریقے سے اتھارٹی سے پوچھ سکے۔

5. اگر کوئی شخص ثابت ہو جائے کہ کسی کے بارے کسی دینی یا سماجی پہلو میں پر اپیگینڈا کر رہا ہے، یا اسلامک ویب سائٹ وغیرہ پہ قبضہ کر کے اسکا سر ورق مسخ کر رہا ہے، تو اسکو جرمانے، قید وغیرہ کی سزا دی جائے۔

تتمہ

1. انساد الیکٹرانک کرائم ایکٹ کو بچانے کیلیئے طریق الحق کا ساتھ دیں۔

2. اس تحریر کو بیداریٔ شعور کیلیئے عوام الناس تک پہنچائیں (علاوہ ملحق ہشتم، نہم[271]۔ تین ہزار گستاخ ویب سائٹس۔ یہ صرف ان صاحبانِ بااختیار کو دکھائی جائیں جو انکو بلاک کرنے پہ قادر ہوں)۔

---

[i] intervene
[ii] timely

---

[270] [حوالہ <ملحق اول :ثبوت: 33]
[271] جو کہ عند الطلب طریق الحق ہیڈ کوارٹرز سے مل سکتے ہیں۔

iii come what may
iv ‘abuse’ or ‘misuse’
v actually
vi possible
vii substance
viii narrowly
ix stifle
x Apprehension misplaced
xi restrictions
xii contents management
xiii subversive acts
xiv public hearing
xv be invited
xvi innocent
xvii discovering
xviii exploit
xix conspiracies
xx hegemonial designs
xxi broad¬based
xxii disbanded
xxiii monopoly
xxiv handled with kid gloves
xxv prompt
xxvi unfettered
xxvii must not shelf its plans
xxviii low-level
xxix summoned
xxx true letter and spirit
xxxi state of art
xxxii dedicated
xxxiii front cover